DAILY EXPRESS
روزنامہ ایکسپریس

Published on 29 September 2016

اسلام آباد، وزیر مملکت انجینئر بلیغ الرحمٰن کو یونیسکو اور یونیسیف کی نمائندہ گلوبل ایجوکیشن مانیٹرنگ رپورٹ پیش کر رہی ہیں (فوٹو ایکسپریس)

حکومت اقدامات سے تعلیمی شعبہ میں بہتری آئی، بلیغ الرحمٰن

قومی نصاب کونسل کا قیام، بجٹ میں اضافہ کیا، انرولمنٹ کی شرح بڑھی، وزیر مملکت

اسلام آباد (جنرل رپورٹر) وزیر مملکت برائے تعلیم بلیغ الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستان میں تعلیم کا شعبہ صوبائی سبجیکٹ ہونے کے باوجود موجودہ وفاقی حکومت نے تعلیم کے شعبہ میں بہتری لانے کیلئے متعدد اہم اقدامات اٹھائی ہیں جن میں قومی نصاب کونسل و بین الصوبائی وزارتی کمیٹی کا قیام، امتحانی نظام میں بہتری اور تعلیم کے شعبہ کیلئے بجٹ میں اضافہ جیسے اہم اقدامات شامل ہیں، ان اقدامات کے نتیجے میں ملک میں تعلیم کے شعبہ میں مثبت تبدیلی آئی ہے جس میں سکولوں کی حالت زار میں بہتری، تعلیمی اداروں میں سہولیات میں اضافہ اور معیار تعلیم میں بہتری اور تعلیمی اداروں میں انرولمنٹ کی شرح میں اضافہ شامل ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انھوں نے گذشتہ روز یہاں یونیسیف اور یونیسکو کے زیراہتمام گلوبل ایجوکیشن مانیٹرنگ رپورٹ لانچنگ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انھوں نے کہا کہ اس رپورٹ میں پاکستان میں تعلیم کے شعبہ میں بہتری کی نشاندہی کی ہے، تقریب سے یونیسیف کے نمائندہ انجلینا کیرنی، یونیسکو کے نمائندہ وہبی کے جانسن اور سینیٹر زینہ عالم نے بھی خطاب کیا علاوہ ازیں وزیر مملکت نیشنل لائبریری اسلام آباد میں یوتھ فار پیس فیسٹول کی افتتاحی تقریب سے بھی خطاب کیا، تقریب میں نیپال کے ممبر پارلیمنٹ ایکناتھ ڈھکال، چائنہ ڈویلپمنٹ ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر محمد شہزاد خان و دیگر نے شرکت کی۔

Source: http://www.express.com.pk/epaper/PoPupwindow.aspx?newsID=1103771565&Issue=NP_ISB&Date=20160929

***